# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** ایک تا پچاس لفظی اور ہندسی گنتی لکھ سکیں۔
سبق کو روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ''پہیا گھماؤ اور جواب بتاؤ'' کھیل کھیلیں۔
- کسی گتے کی مدد سے پہیا تیار کریں اور اس پر دس مختلف رنگوں کے کارڈ چسپاں کریں۔
- جن پر ایک تا پچاس لفظی گنتی میں سے کوئی سے دس لفظ لکھے ہوں۔
- جماعت میں سے متفرق بچوں کو بلائیں اور ان سے پہیا گھمانے کو کہیں۔
- پہیا گھومتے ہوئے جس نمبر پر رُکے بچے سے بورڈ پر اس گنتی کا اُردو ہندسہ لکھنے کے لیے کہیں۔
- جیسے اکتیس آئے گا تو وہ لکھے گا ۳۱۔
- اس طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے کروائیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں ہم روز مرہ زندگی میں چیزوں کو گننے کے لیے گنتی کا استعمال کرتے ہیں۔
- انھیں بتائیں آج ہم ایک سے پچاس گنتی اردو ہندسوں میں لکھنا سیکھیں گے۔
- بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک میں لفظی گنتی اور دوسرے میں اردو ہندسوں کی سرخی لکھیں۔
- اب لفظی گنتی والے کالم میں گنتی لکھیں بچوں سے پوچھیں کہ وہ لفظی گنتی کو اردو میں کیسے لکھیں گے۔
- بچوں کے جوابات لیں۔
- اب ساتھ ساتھ اردو ہندسوں کو لفظی گنتی کے سامنے لکھتے جائیں اور بچوں سے خواندگی کرواتے جائیں۔
- سوال نمبر 7 کی سرگرمی کے لیے پیرا گراف کی بلند خوانی پہلے خود درست تلفظ سے کریں انھیں بتائیں کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ نے قیدیوں کے ساتھ اچھے سلوک اور صلہ رحمی کا حکم دیا۔
- جنگ بدر میں قیدیوں کے ساتھ صحابہ کرام کو کس طرح کے سلوک کی تاکید کی، واقعہ بچوں کو پھر سنائیں۔
- اس کے بعد مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- اس سرگرمی میں خاص طور پر ان بچوں کا انتخاب کریں جو جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔

| |
|---|
| • پڑھائی کے دوران بچوں کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ بھرپور انداز میں اپنی صلاحیتوں کا استعمال کر سکیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بچوں سے مختلف سطریں پڑھوائیں اور ان کے تلفظ کا جائزہ لیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** رموزِ اوقاف کا استعمال کر سکیں۔

کسی بھی موضوع سے متعلق مربوط جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے ایک گتے کا ڈبا لیں اور اس پر کاغذ کی مدد سے جیبیں بنا لیں۔
- ان جیبوں میں ایک تا پچاس کوئی سے دس لفظی گنتی کے الفاظ کی پرچیاں ڈال دیں۔
- اب متفرق بچوں کو بلا کر ڈبا لڑھکانے کے لیے کہیں۔
- لڑھکانے پر جو جیب اوپر آئے گی اس میں سے پرچی نکال کر اس پر لکھی لفظی گنتی کا اردو ہندسہ بورڈ پر لکھوائیں۔
- درست جواب لکھنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم علامت ختمہ اور وقفہ کے بارے میں سیکھیں گے۔
- انھیں بتائیں ختمہ (۔) وہ علامت ہے جو جملے کے مکمل ہونے پر لگائی جاتی ہے۔
- یعنی یہ علامت بتاتی ہے کہ جملے میں کی گئی بات مکمل ہو گئی ہے۔ اور اس سے آگے نئی بات شروع ہو گی۔
- بورڈ پر چند جملے لکھیں اور ان کے آگے ختمہ کی علامت لگا کر تصور واضح کریں۔
- اب بچوں کو وقفہ کی علامت کے استعمال کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں اگر جملے میں سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کی ضرورت ہو تو وقفے (؛) کا استعمال کیا جاتا ہے۔
- بچوں کو وقفے کی علامت کے استعمال کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں بتائیں۔
- مختلف جملوں کی پرچیاں تیار کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- جماعت میں بچوں کے چار گروہ بنائیں اور ان سے جہاں ختمہ اور وقفہ کی ضرورت ہو وہاں درست استعمال کرتے ہوئے جملے دوبارہ لکھوائیں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے تفویض کردہ جملے علامت کے ساتھ بورڈ پر لکھنے کے لیے کہیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مختلف جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ختمہ اور وقفہ کی علامات لگوا کر جملے دوبارہ لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے آنی ہے۔

## ورک شیٹ

ختمہ اور وقفہ کی علامت لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

ہم پاکستان میں رہتے ہیں

______________________________

پاکستان کی آبادی تقریباً بائیس کروڑ ہے

______________________________

بہت دن گزر گئے بارش نہیں ہوئی

______________________________

دیے گئے جملوں میں درست جگہوں پر ختمہ اور وقفہ کی علامت لگا کر جملے دوبارہ اپنی کاپی میں لکھیں۔

الف: میں نے سرخ میٹھے سیب رسیلے انگور اور تازہ آم خریدے۔

ب: میں نے تھوڑی دیر پہلے کھانا کھایا تھا اس کے باوجود مجھے پھر سے بھوک لگی ہے۔

ج: بچپن میں نیلام گھر میرا پسندیدہ پروگرام تھا بلکہ یہ اب تک میرا پسندیدہ پروگرام ہے۔

د: محنت اور جدوجہد کو نہ چھوڑو اگرچہ تمھیں بھوک پیاس بھی برداشت کرنی پڑے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** کسی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، شیٹیں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو "سبق" پڑھنے کے لیے کچھ وقت دیں۔ بچوں سے کہیں کہ مطالعے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔
- بعد ازاں انھیں اہم نکات سے متعلق آپس میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر کے ایک میں ٹیم بادل اور دوسرے میں ٹیم دھنک کی سرخی لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور انھیں سبق کے اہم نکات متعلقہ ٹیم کے خانے میں لکھنے کی ہدایت دیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں کے لکھے ہوئے اہم نکات کا جائزہ لیں۔
- جس گروہ کے بچے نے اہم نکات ترتیب سے اور درست طور پر لکھے ہوں گے اور اس میں املا کی اغلاط بھی کم ہوں گی، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔ اب ہر گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔
- معلومات کے کارڈز ہر گروہ میں دیں اور انھیں ہدایت دیں سب بچے مل کر تقریر تیار کریں۔
- تقریر سے پہلے بچوں کو ہدایت دیں:
- بچوں کو بتائیں تقریر کے مختلف مقاصد اور مواقع ہوتے ہیں۔
- ایک اچھا مقرر نہ صرف معاشرتی بلکہ عملی زندگی میں بھی کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے۔
- تقریر کو مؤثر انداز میں لکھنے کے لیے عام سننے والے کے علم کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

| |
|---|
| • تقریر کسی متعین کردہ موضوع پر کی جاتی ہے۔<br>• ایک اچھی تقریر کی موضوع کے تعارف سے ابتدا کی جاتی ہے۔<br>• پھر موضوع سے متعلق اعداد و شمار اور حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔<br>• اس کے علاوہ مشہور اشعار اور عام زندگی کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں تا کہ تقریر کو زیادہ موئثر اور بھرپور بنایا جاسکے۔<br>• تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ عام فہم اور بامعنی ہونے چاہییں۔<br>• درج بالا ہدایات دینے کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے وقت دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد انھیں جماعت میں تقریر پیش کرنے کے لیے کہیں۔<br>• تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کا دھیان رکھیں۔<br>• سرگرمی کے اختتام پر تقریر کرنے والے پر بچوں کو شاباش دیں اور تمام گروہوں کی تعریف کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کی فہم جانچنے کے لیے ان سے سبق کے اہم نکات سنیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حمد (نظم) (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی، سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

ایک سے تیس تک اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔

واحد کو جمع میں تبدیل کر سکیں۔

اشعار کو نثر میں بدل سکیں۔

نظم کا مرکزی خیال لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو نئے الفاظ کے تحت دیے گئے تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق ''حمد'' کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی جائے، اسے حمد کہتے ہیں۔
- اب کتاب کے صفحہ نمبر 4 پر دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تاکہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (5 منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ

20 منٹ

(الف) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

حمد میں 'گلشن' سے کیا مراد ہے؟

______________________________

نظم 'حمد' کا مرکزی خیال لکھیں۔

______________________________

______________________________

(ب) بے ترتیب حروف جوڑ کر مصرعے مکمل کریں۔

| | |
|---|---|
| الف | یہ دن اور ________، یہ رات اور تارے |
| ب | یہ خوش ________ پھول اور پھل پیارے پیارے |
| ج | کوئی ________ اندر رکھی ہے کہ باہر |
| د | ہے اُس کی ________ میں ہر اک کام میرا |
| ہ | نگہبان ________ وحیوان کا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ج | ر | و | س | |
| ر | گ | ن | | |
| ی | چ | ز | | |
| ر | ظ | ن | | |
| ا | س | ن | ا | ن |

(ج) دیے گئے الفاظ کے مترادف لکھیں۔

| الفاظ | مترادف | الفاظ | مترادف |
|---|---|---|---|
| ارض | | کشادہ | |
| میٹھا | | اُجلا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: نعت (دہرائی) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی اور جملے لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
مصرعے مکمل کر سکیں۔
اشعار کا مفہوم لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹ زاُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی تعریف بیان کی جائے، اس نظم کو نعت کہتے ہیں۔
- بچوں سے صفحہ نمبر 8 کھلوائیں اور نعت درست تلفظ اور لے سے پڑھوائیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اس کے بعد سبق کے تمام سوالات کی باری باری مشق کروائیں اور مکمل سبق کا اعادہ کروائیں تاکہ تمام سوالات بچوں کو ذہن نشین ہو جائیں۔
- سبق کے نکات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ ورک شیٹ کو دیے گئے وقت کے مطابق حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام دہرائی کریں۔

# ورک شیٹ

20منٹ

(الف) دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

نعت کسے کہتے ہیں؟

________________________________________

نعت کا مرکزی خیال لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

(ب) دیے گئے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

| کالم الف |
| --- |
| جس کو خدا نے بھیجا، |
| انسان کے مرتبے کو |
| جس نے عمل پہ رکھی، |
| بچنا بُرائیوں سے، |
| جس نے کہا گھڑی ہے، |

| کالم ب |
| --- |
| بنیاد عاقبت کی |
| سچائیوں میں ڈھلنا |
| نزدیک آخرت کی |
| اپنا بنا کے پیارا |
| جس نے دیا سنبھالا |

(ج) شعر پڑھ کر اس کا مفہوم لکھیں۔

بے رنگ تھے حالات آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نہ آتے
بنتی نہ کبھی بات اگر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نہ آتے

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی، سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

الفاظ کا درست املا لکھ سکیں۔

رموزِ اوقاف (ختمہ، وقفہ) کا استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بورڈ پر سبق کا نام "امانت و دیانت کے پیکر"، لکھیں اور طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ سبق کی تیاری امتحانات کے لیے مزید بہتر ہو جائے۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 13 سے بچوں کو متن کی پڑھائی کروائیں اور سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- بچوں سے مشق میں دیے گئے سوالات کے جواب پوچھیں اور ساتھ ان کو زبانی دہرانے کو کہیں۔
- اسی طرح مشق میں دیے گئے تمام سوالات طلبہ سے کو زبانی دہرانے کو کہیں تاکہ یہ سوال ان کو ذہن نشین ہو جائے۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے حل کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| معانی | الفاظ |
|---|---|
| | منارۂ نور |
| | کراہنا |
| | ملامت |
| | آہ وزاری |

(ب) دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

۱۔ فتح مکہ کے موقع پر کفار مکہ خوف زدہ کیوں تھے؟

---

۲۔ حضرت **محمد** خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے بدر کے قیدیوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

---

۳۔ فتح مکہ کے موقع آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے کن لوگوں کو امان دی؟

---

دیے گئے جملوں میں درست جگہوں پر ختمہ اور وقفہ کی علامت لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

الف: میں نے سرخ میٹھے سیب رسیلے انگور اور تازہ آم خریدے۔

ب: میں نے تھوڑی دیر پہلے کھانا کھایا تھا اس کے باوجود مجھے پھر سے بھوک لگی ہے۔

ج: بچپن میں نیلام گھر میرا پسندیدہ پروگرام تھا بل کہ یہ اب تک میرا پسندیدہ پروگرام ہے۔

د: محنت اور جدوجہد کو نہ چھوڑو اگرچہ تمھیں بھوک پیاس بھی برداشت کرنی پڑے۔